Australian Government

Australian Taxation Office

آسٹریلیا میں ٹیکس

آپ کو کیا علم ہونا ضروری ہے

ato.gov.au

ہم ٹیکس کیوں ادا کرتے ہیں

ٹیکس وہ پیسہ ہے جو افراد اور کاروبار آسٹریلین حکومت کو خدمات فراہم کرنے کے لیے ادا کرتے ہیں، بشمول ان خدمات کے:

- صحت
- تعلیم
- دفاع
- سڑکیں اور ریلوے
- Centrelink – Services Australia سے سوشل سیکیورٹی اور دوسری ادائیگیاں.

آسٹریلیا کے باشندوں کی حیثیت سے ہمیں اچھا نظام صحت، معیاری تعلیم اور بہت سی مختلف عوامی سہولتیں (جیسے پارک اور کھیل کے میدان) نصیب ہیں جن کے لیے ٹیکس وصولی کے ذریعے وسائل مہیا ہوتے ہیں۔





آپ کتنا ٹیکس ادا کریں گے

آپ ٹیکس میں کتنی رقم ادا کریں گے، یہ اس پر منحصر ہے کہ:

- آیا آپ ٹیکس کے مقاصد سے آسٹریلیا کے رہائشی ہیں
- آپکی آمدن کتنی ہے
- آیا آپ ایک سے زیادہ ملازمتیں کرتے ہیں
- آیا آپکے پاس ٹیکس فائل نمبر (TFN) ہے – یہ ایک ذاتی حوالہ نمبر ہے جو آپکو اپنے آجر کے پاس کام شروع کرنے کے بعد اسے بتانا چاہیے۔

اگر آپ TFN لینے سے پہلے کام شروع کر دیں تو آپکے پاس یہ نمبر لینے اور اپنے آجر کو دینے کے لیے 28 دن ہوتے ہیں۔ اگر آپ ایسا نہ کریں تو آپکا آجر آپکی تنخواہ میں سے بلند ترین شرح پر ٹیکس کاٹنے کا پابند ہے۔

اس بارے میں مزید جاننے کے لیے کہ آپ کتنا ٹیکس ادا کریں گے، دیکھیں **ato.gov.au/rates**

کام شروع کرنے سے پہلے

آسٹریلیا میں کام کرنے کی اجازت

اگر آپ کسی اور ملک کے رہائشی ہیں تو آپ کو آسٹریلیا میں کام شروع کرنے سے پہلے ڈیپارٹمنٹ آف ہوم افیئرز سے اجازت لینی ہو گی۔ ہوم افیئرز آپ کو مفید معلومات فراہم کر سکتا ہے جس میں یہ بھی شامل ہے کہ کونسے ویزے آپ کو آسٹریلیا میں کام کرنے کی اجازت دلاتے ہیں۔

آسٹریلیا میں کام کرنے کی اجازت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے دیکھیں **homeaffairs.gov.au**

ٹیکس فائل نمبر لیں

آپ کا ٹیکس فائل نمبر (TFN) آپ کا ذاتی حوالہ نمبر ہے۔ TFN مفت ملتا ہے۔

آپ کو کام شروع کرنے سے پہلے، یا کام شروع کرنے کے بعد جلد ہی، TFN لے لینا چاہیے ورنہ آپ کو زیادہ ٹیکس ادا کرنا ہو گا۔

ہم افراد، کاروباروں کاروباروں اور دوسرے اداروں کو شناخت اور ریکارڈ رکھنے کے مقاصد سے TFN جاری کرتے ہیں۔

آپ TFN کی درخواست کیسے دیں گے، یہ آپ کے حالات پر منحصر ہوگا۔۔ مزید معلومات کے لیے دیکھیں **ato.gov.au/tfn**

اگر آپ ترک وطن کر کے آسٹریلیا آ رہے ہیں یا عارضی رہائش کا ویزا رکھتے ہیں جو آپ کو آسٹریلیا میں کام کرنے کی اجازت دیتا ہے تو آپ آن لائن TFN کی درخواست دے سکتے ہیں **ato.gov.au/tfnautoreg**

اپنی درخواست مکمل کرتے ہوئے آپ کو ان کاغذات کی ضرورت ہو گی جن سے آپ کی شناخت ثابت ہوتی ہے۔

آپکی TFN کی درخواست پر کارروائی اور TFN آپکے پتے پر بھیجنے میں 28 دن تک کا وقت لگ سکتا ہے۔

اپنا TFN محفوظ رکھنا

آپکا TFN ساری عمر کے لیے ہے لہذا اسے حفاظت سے رکھیں۔ چاہے آپ اپنا نام یا پتہ بدل لیں، ملازمت بدل لیں، کسی اور سٹیٹ/ٹیریٹری میں رہائش اختیار کریں یا کسی اور ملک میں چلے جائیں تو بھی آپکا TFN وہی رہتا ہے۔

کسی اور کو اپنا TFN استعمال نہ کرنے دیں، دوستوں یا رشتہ داروں کو بھی نہیں۔ کسی اور کو TFN استعمال کرنے دینا، کسی کو TFN دینا یا بیچنا جرم ہے۔

اپنا TFN صرف:

- ہمیں دیں جب آپ ہمارے ساتھ اپنے ٹیکس ریکارڈ کی بات کر رہے ہوں
- کام شروع کرنے کے بعد اپنے آجر کو دیں لیکن ملازمت کی درخواستوں پر یہ نمبر مت لکھیں
- اپنے بینک یا دوسرے مالیاتی اداروں کو دیں
- Services Australia کو دیں
- اپنے رجسٹرڈ ٹیکس ایجنٹ کو دیں
- اپنے سپرانوئیشن (سپر) فنڈ کو دیں
- اپنے اعلی تعلیم کے ادارے یا یونیورسٹی کو دیں تاکہ آپ کو اعلی تعلیم کے لیے قرضوں کے پروگرام (HELP) جیسا کوئی تعلیمی قرضہ مل سکے

اپنے TFN کے کھو جانے، چوری ہونے یا غلط استعمال کی اطلاع فوری طور پر ہمیں **1800 467 033** پر فون کر کے دیں۔

اگر آپ اپنا TFN اور دوسری ذاتی شناختی تفصیلات حفاظت سے رکھیں تو شناخت کے جرائم روکنے میں مدد ملتی ہے۔ شناخت کے جرائم یہ ہیں کہ لوگوں کی شناختی تفصیلات کو ارتکاب جرم کے لیے استعمال کیا جائے۔

دھوکا دہی والی ای میلز، فیکسیس، SMS اور فون کالز بہت قائل کرنے والی دکھائی اور سنائی دے سکتی ہیں۔ اپنا TFN، پاس ورڈز یا دوسری حسّاس معلومات ای میلز یا SMS میں شامل نہ کریں۔ اس بات کو ذہن میں رکھیں اور اگر آپکو پورا یقین نہ ہو کہ رابطہ کرنے والے ہم ہیں تو **1800 008 540** پر ہماری scam (دھوکا دہی) ہاٹ لائن کو فون کریں۔

اپنی ذاتی تفصیلات کو محفوظ رکھنے کے طریقوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے دیکھیں:

- آپکی تفصیلات کا تحفظ – **ato.gov.au/identitycrime**
- ٹیکس کے حوالے سے دھوکے – **ato.gov.au/scams**
- شناخت کے حوالے سے جرائم – **ato.gov.au/identitytheft**
- **scamwatch.gov.au**

آسٹریلین بزنس نمبر (ABN) کاروباروں کے لیے ہوتا ہے

آسٹریلیا میں کام کرنے کے لیے نہ تو ہر شخص ABN لینے کا اہل ہے اور نہ ہی ہر شخص کو اس کی ضرورت ہے۔ ABN رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ:

- آپ اپنا کاروبار چلا رہے ہیں
- آپ اپنا ٹیکس خود ہمیں ادا کرنے کے پابند ہیں
- آپ کے لیے اپنی سپر خود ادا کرنا ضروری ہو سکتا ہے
- اگر آپ کو چوٹ یا ضرر پیش آئے تو شاید آپ کی انشورنس نہ ہو۔

ABN کی درخواست دینے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے دیکھیں **abr.gov.au**

جب آپ کام کرنا شروع کریں

ٹیکس فائل نمبر ڈیکلریشن مکمل کریں

جب آپ کام شروع کریں تو آپ کا آجر آپ کو *Tax file number declaration* (ٹیکس فائل نمبر ڈیکلریشن) (NAT 3092) مکمل کرنے کو کہے گا تاکہ آپ اس کے ذریعے اسے اپنا TFN اور ذاتی تفصیلات بتائیں۔

اس ڈیکلریشن کو استعمال کر کے آجر حساب لگائے گا کہ آپ کو کتنا ٹیکس ادا کرنا ہے۔

آپ کے پاس یہ ڈیکلریشن مکمل کرنے اور اپنے آجر کو دینے کے لیے 28 دن ہوتے ہیں۔ اگر آپ یہ ڈیکلریشن نہیں دیں گے تو آجر آپ کی تنخواہ میں سے بلند ترین شرح پر ٹیکس کاٹنے کا پابند ہے۔

سپر اینوئیشن

سپر سے مراد آسٹریلیا میں ریٹائرمنٹ کے لیے بچت کا نظام ہے۔ یہ وہ رقم ہے جو آپ اپنی کام کرنے کی عمر میں الگ بچاتے رہتے ہیں تاکہ ریٹائرمنٹ میں آپ اس پر گزر بسر کریں۔

نئی ملازمت شروع کرتے ہوئے آپکا یہ سمجھ لینا اہم ہے کہ سپر کا نظام کیا ہے اور آپکو اپنے حقوق اور استحقاقات کا علم ہونا چاہیے۔ آپ ابھی اور مستقبل میں جو فیصلے کریں گے، وہ ریٹائرمنٹ کے بعد آپکے معیار زندگی پر اثر انداز ہوں گے۔

آجر کی جانب سے آپکی سپر میں لازمی ادائیگیاں آپکی تنخواہ کے علاوہ ہوتی ہیں۔ اکثر لوگ چن سکتے ہیں کہ ان کے لیے یہ ادائیگیاں کونسے آسٹریلین سپر فنڈ میں کی جائیں۔

بالعموم، اگر آپکو ایک کیلنڈری مہینے میں $450 یا اس سے زیادہ ادائیگی کی جائے تو آپکا آجر آپکی آمدن کا کچھ فیصدی حصہ آپ کے لیے ایک سپر اکاؤنٹ میں ڈالنے کا پابند ہوتا ہے۔

سپر کے بارے میں مزید معلومات کے لیے دیکھیں **ato.gov.au/super**

آپ یہاں یہ بھی دیکھ سکتے ہیں کہ اپنی سپر کا کیسے پتہ چلایا جائے **ato.gov.au/trackyoursuper**

ٹیکس ریٹرن داخل کرنا

فرد کے طور پر آپ ان صورتوں میں ٹیکس ریٹرن داخل کرنے کے پابند ہیں کہ:

- آپ نے ٹیکس کے سال کے دوران (1 جولائی سے 30 جون) ٹیکس ادا کیا تھا
- آپ کی قابل ٹیکس آمدن (جس میں Centrelink کے الاؤنس یا ادائیگیاں بھی شامل ہیں) رہائشی افراد کے لیے مخصوص حدّوں سے زیادہ تھی – دیکھیے **ato.gov.au/DoINeedToLodge**
- آپ غیرملکی رہائشی ہیں اور آپ نے ٹیکس کے سال کے دوران آسٹریلیا میں $1 یا اس سے زیادہ کمایا تھا (اس آمدن کے علاوہ جس میں سے غیر رہائشی افراد کے لیے پہلے ہی ٹیکس کاٹ لیا گیا تھا)
- آپ مستقل طور پر یا ایک ٹیکس کے سال سے زیادہ عرصے کے لیے آسٹریلیا سے جا رہے ہیں

آپ کو کونسی معلومات داخل کرنے کی ضرورت ہے

ٹیکس ریٹرن داخل کرنے کے لیے آپ کو یہ معلوم ہونا ضروری ہے:

- آپ کو کام کے ذریعے یا بینک اکاؤنٹس پر سود یا سرمایہ کاری سے کتنی آمدن حاصل ہوئی ہے
- آپکی آمدن میں سے کتنا ٹیکس کاٹا گیا ہے (آپ کے آجر نے آپ کی تنخواہ میں سے کتنی رقم نکال کر ہمیں بھیجی ہے)
- آیا آپ اپنی آمدن میں سے بعض رقوم منہا کرنے (نکالنے) یا رعایتوں (tax offsets) کا کلیم کر رہے ہیں۔

منہا کی جانے والی رقوم وہ اخراجات ہیں جو آپ اپنا ٹیکس کم کرنے کے لیے کلیم کر سکتے ہیں۔ اکثر منہا کی جانے والی رقوم کام کے سلسلے میں ہونے والے اخراجات ہیں۔ یہ وہ پیسے ہیں جو آپ نے کسی ایسی چیز پر خرچ کیے ہیں جس سے آپ کو آمدن کمانے میں مدد ملی۔ ضروری ہے کہ آپ یہ دکھانے کے قابل ہوں:

- یہ اخراجات براہ راست آمدن کمانے سے تعلق رکھتے ہیں
- یہ اخراجات ذاتی نوعیت کے نہیں ہیں
- آپ کے پاس اپنے اخراجات ثابت کرنے کے لیے ریکارڈ موجود ہے (جیسے رسید)۔

آپ کا آجر آپ کو انکم سٹیٹمنٹ (آمدن کا ثبوت) یا پیمنٹ سمری (تنخواہ کا خلاصہ) دینے کا پابند ہے۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ آپ نے کتنی آمدن کمائی تھی اور کتنا ٹیکس ادا کیا تھا۔

ٹیکس ریٹرن داخل کرنے میں مدد دینے والی معلومات کے لیے دیکھیں:

- ato.gov.au/whentolodge
- ato.gov.au/incomeyoumustdeclare
- ato.gov.au/deductions
- ato.gov.au/incomestatement

ریکارڈ رکھنا

جب آپ اپنا ٹیکس ریٹرن داخل کرتے ہیں تو ہم اس پر کارروائی کر کے حساب لگاتے ہیں کہ آیا آپ نے ٹیکس کی مد میں درست رقم ادا کی ہے۔ ہم آپ کو نوٹس آف اسیسمنٹ بھیج کر نتیجے سے مطلّع کرتے ہیں۔

آپ ریکارڈ رکھنے کے پابند ہیں جیسے اگر آپ کوئی رقوم منہا کرنے کا تقاضا کر رہے ہوں تو انکی رسیدیں رکھیں۔ آپ ٹیکس ریٹرن داخل کرنے کی تاریخ کے بعد کم از کم پانچ سال تک یہ ریکارڈ رکھنے کے پابند ہیں۔ ہم آپ سے یہ ریکارڈ دکھانے کا تقاضا کر سکتے ہیں۔

ریکارڈ رکھنا سہولت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے دیکھیں **ato.gov.au/taxrecords**

myDeductions اپنے اخراجات اور آمدن کے ریکارڈ ایک جگہ پر رکھنے کا ایک سہل طریقہ ہے۔ اپنی سمارٹ ڈیوائس پر ATO app ڈاؤن لوڈ کریں اور myDeductions کا آئیکون چنیں۔ پر جائیں **ato.gov.au/app**

myDeductions سہولت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے دیکھیں **ato.gov.au/myDeductionatoapp**

اپنا ٹیکس ریٹرن تیار اور داخل کریں

ٹیکس ریٹرن کب داخل کیا جائے

اگر آپ اپنا ٹیکس ریٹرن خود تیار اور داخل کر رہے ہیں تو آپ کو 31 اکتوبر تک ریٹرن داخل کرنا ہو گا۔ اگر آپ پہلی بار ٹیکس ایجنٹ استعمال کر رہے ہیں یا پچھلے سال سے مختلف ایجنٹ استعمال کر رہے ہیں تو آپ کو 31 اکتوبر تک ٹیکس ایجنٹ سے رابطہ کرنا ہو گا۔

اگر آپ اپنا ٹیکس ریٹرن داخل نہیں کریں گے اور اپنے ذمے واجب ہماری رقوم ادا نہیں کریں گے تو ممکن ہے آپ کو جرمانہ بھرنا پڑے۔

myTax استعمال کر کے آن لائن ریٹرن داخل کریں

آپ myTax استعمال کر کے آن لائن ٹیکس ریٹرن داخل کر سکتے ہیں۔ یہ آن لائن ٹیکس ریٹرن داخل کرنے کا سریع، آسان اور محفوظ طریقہ ہے۔

myTax استعمال کرنے کے لیے پہلے آپ کو اپنا myGov اکاؤنٹ بنانا ہو گا اور اس اکاؤنٹ کو ATO کی آن لائن خدمات سے لنک کرنا ہو گا۔

ato.gov.au/firstreturn دیکھیں

ٹیکس ایجنٹ استعمال کر کے ریٹرن داخل کریں

آپ اپنا ٹیکس ریٹرن تیار اور داخل کرنے کے لیے کسی رجسٹرڈ ٹیکس ایجنٹ کو استعمال کر سکتے ہیں۔ آپ کو 31 اکتوبر سے پہلے ٹیکس ایجنٹ سے رابطہ کرنا ہو گا۔ آپ رجسٹرڈ ٹیکس ایجنٹ تلاش کر سکتے ہیں یا چیک کر سکتے ہیں کہ آیا ایک شخص رجسٹرڈ ٹیکس ایجنٹ ہے
ato.gov.au/lodgewithanagent

ریٹرن داخل کرنے کے لیے اضافی مدد

اگر آپ کو ٹیکس ریٹرن داخل کرنے کے لیے مدد کی ضرورت ہے تو آپ Tax Help پروگرام استعمال کر سکتے ہیں۔

Tax Help عوام میں سے ATO سے تربیت یافتہ اور منظور شدہ رضاکاروں کا گروہ ہے۔ یہ رضاکار لوگوں کو myTax استعمال کر کے اپنے ٹیکس ریٹرن آن لائن مکمل کرنے کے لیے مدد کی مفت اور رازدارانہ سروس مہیا کرتے ہیں۔

یہ سروس جولائی سے اکتوبر تک پورے آسٹریلیا میں تمام ریاستوں اور ٹیریٹریز کے دارالحکومتوں اور کئی ریجنل علاقوں میں دستیاب ہے۔

Tax Help کے بارے میں مزید معلومات کے لیے دیکھیں **ato.gov.au/taxhelpprogram**

ato.gov.au

NAT 71986URU-06.2020 DE-20654